© rasailojaraid.com

وشگفتگی کے جذبات کے پیدا ہونے سے حوصلہ بدگمانی بلکہ بدعقیدگی کے پس منظر میں چلے جانے اور نام نہاد اسلامی انقلاب کو ہی سب کچھ سمجھ لئے جانے کے تناظر میں مؤلف نے ریاض کے امام محمد بن سعود یونیورسٹی کی خواہش اور اس کے نامور پروفیسر اور مشہور اسلامی اہل قلم ڈاکٹر عبدالحلیم عویس مصری کی تحریک پر عربی زبان میں کتاب لکھی تھی جس کو مذکورہ یونیورسٹی نے اور ڈاکٹر صاحب موصوف کے تجارتی مکتبہ دار الصحوہ قاہرہ نے ایک ساتھ ۱۹۸۹ء میں شائع کی تھی۔ زیر تبصرہ کتاب درحقیقت اس شہرہ آفاق کتاب کا ترجمہ ہے جس کا مضمون مولانا محمد عارف جمیل قاسمی مبارک پوری نے اردو کے سانچہ میں بڑی مہارت اور مشاقی کے ساتھ ڈھالا ہے اور کسی بھی لمحہ قاری اس کو کسی کتاب کا ترجمہ محسوس نہیں کرتا اور یہی مترجم کا کمال ہے۔

کتاب کی ابتداء میں عرض حال اور پیش لفظ کے بعد ص ۳۱ سے لے کر ص ۷۰ تک ایک معرکۃ الاراء مقدمہ ہے۔ جس کا مطالعہ کتاب کے باقی مباحث سمجھنے میں بہت ممد اور معاون ہے اس کے بعد نو (۹) جلی عنوانات ہیں، گویا یہ نو ابواب ہیں، ان کے ذیل میں مختلف ذیلی عنوانات ہیں بہترین طباعت خوبصورت کتابت اور اعلیٰ کاغذ نے کتاب کے ظاہری حسن کو بھی دوبالا کیا ہے۔ المختصر یہ معرکۃ الاراء شہرہ آفاق کتاب اس قابل ہے کہ ہر مسلمان گھرانے اور ہر لائبریری کی زینت بنے۔ (م۔اف)

---

رسالہ: المباحث الاسلامیہ (سہ ماہی) رئیس التحریر: مولانا نصیب علی شاہ ہاشمی

زیرنگرانی: ڈاکٹر قبلہ ایاز جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان۔ ڈیرہ روڈ بنوں

سہ ماہی مجلہ المباحث الاسلامیہ کا نقش اول ہمارے سامنے ہے، مضامین کے انتخاب کے اعتبار سے یہ انتہائی معیاری پرچہ ہے۔ جس میں جدید مسائل پر مشتمل علمی اور تحقیقی مضامین شامل ہیں، زیر تبصرہ مجلہ میں بعض مقالات کے عنوانات دیئے جاتے ہیں، تاکہ اس کا ایک اجمالی نقشہ متصور ہو جائے۔ (۱) عصر حاضر کا چیلنج اور علماء کی ذمہ داریاں (۲) محاصل کی تنفیذ اور اسلامی حکومت کے اختیارات (۳) تعزیر بالمال کی شرعی حیثیت (۴) فساد و عدم فساد صوم کا معیار (۵) کمیٹی رقوم جمع کرنے کی شرعی حیثیت (۶) وصیت بالاعضاء کی اسلامی حیثیت (۷) ہبہ کے معاملے میں قبضہ کی شرعی حیثیت پر فقہی بحث (۸) عورت کا بغیر محرم سفر حج وغیرہ

علاوہ ازیں ادارہ کی طرف سے جن موضوعات پر مقالہ جات و مضامین کو ترجیح دی جائے گی ان میں چند اہم عنوانات یہ ہیں جدید فقہی مسائل پر علمی و تحقیقی مباحث پیش کرنا۔ دورِ حاضر میں اجتماعی اجتہاد کے تصور کا علمی جائزہ امت مسلمہ کو درپیش مسائل کا فقہی حل سودی آلائشوں سے پاک اسلامی مالیاتی نظام کا ممکنہ قیام طب جدید سے اعضاء کی پیوندکاری انسانی کلوننگ فقہی مواد کی تشکیل جدید مختلف عقود کے ضمن میں ربوا و قمار کی موجودگی کی شرعی نقطہ نگاہ سے اسلامی

© rasailojaraid.com